Digitized by Khilafat Library Rabwah

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — فون: ۴۴۵

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۔ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل ربوہ

خطبہ نمبر ۱۴

ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

جلد ۷۱ / ۳۶ | اتوار ۲۱ رجب ۱۴۰۲ھ، ۱۶ ہجرت ۱۳۶۱ ہش، ۱۶ مئی ۱۹۸۲ء | نمبر ۱۰۷

احبابِ احمدیہ

ربوہ ۱۵ ہجرت مئی۔ سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ

طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ

احباب جماعت بالالتزام دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضور کو ہر طرح صحت و عافیت سے رکھے اور ہمیشہ اپنی غیر معمولی تائید و نصرت سے نوازتا رہے۔ آمین۔

ربوہ ۱۵ ہجرت مئی۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت گذشتہ کئی روز سے ہائی بلڈ پریشر، سر درد اور ضعف کی وجہ سے ناساز ہے۔

احباب جماعت خاص توجہ، التزام اور درد و الحاح سے دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ مدظلہا العالی کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین۔

الاردو (نائیجیریا) کے نواحی علاقہ میں

ایک اور گاؤں احمدیت کے نور سے منور ہو گیا الحمد للہ

گاؤں کے امام مسجد سمیت چودہ ۱۴ افراد نے ایک جلسۂ عام میں قبولِ حق کا اعلان کیا

الاردو سے احمدیہ مشنری ٹریننگ کالج کے پرنسپل کی رپورٹ

نائیجیریا (مغربی افریقہ) میں الاردو کے مقام پر اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایسی مخلص اور فدائی جماعت پیدا ہو چکی ہے جس میں تبلیغ کا جذبہ جنون کی حد تک پایا جاتا ہے اور یہ لوگ خدا کی راہ میں اپنی جان مال اور وقت قربان کر کے بہت مسرت محسوس کرتے ہیں اور دوسروں کو پیغام حق پہنچانا ان کا محبوب مشغلہ بن گیا ہے۔

چنانچہ ان کے اخلاص کو قبول کرتے ہوئے خدا تعالیٰ ان کی کوششوں کے نہایت خوشکن نتائج ظاہر فرما رہا ہے اور اس علاقہ میں نئی نئی جماعتوں کا قیام عمل میں آ رہا ہے۔ گزشتہ چند ماہ میں قارئین الفضل اس علاقہ میں تین نئی جماعتوں کے قیام کی ایمان افروز خبریں پڑھ چکے ہیں اور آج "ابولے یوسف" ABULE YUSUFA نامی ایک اور گاؤں میں نئی جماعت کے قیام کی خبر احباب جماعت تک پہنچائی جا رہی ہے۔ یہ خبر الاردو میں احمدیہ مشنری ٹریننگ کالج کے پرنسپل محترم ملک محمد اکرم صاحب نے وکالت تبشیر کے توسط سے روزنامہ الفضل کو بھجوائی ہے۔ محترم پرنسپل صاحب موصوف اپنی ایک تازہ رپورٹ میں رقمطراز ہیں کہ

ابولے یوسف میں احمدیت کا پیغام:۔

یہ گاؤں الاردو سے ۲۵ کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔ آج سے پندرہ سال قبل الاردو میں مقیم ایک پرانے احمدی مبلغ محترم مولانا اسحاق خلیل صاحب اس گاؤں پہلی مرتبہ ایک ٹوٹے پھوٹے سائیکل کے ذریعہ پہنچے تھے اور انہوں نے احمدیت کا پیغام اس گاؤں میں پہنچایا تھا۔ بعد ازاں اس جگہ پر کئی ایک جلسے بھی کئے گئے مگر قبول احمدیت کے لئے ابھی زمین تیار نہ تھی۔ گزشتہ برس جب جماعت سے عزیز آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے قدموں سے الاردو کو برکت بخشی اور خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا تھا تو اس وقت مذکورہ گاؤں کے امام مسجد بھی حصول برکت کے لئے حاضر تھے۔ انہوں نے نہ صرف یہ نورانی چہرہ ہی دیکھا بلکہ خطبہ جمعہ کے ارشادات سے بھی مستفید ہوئے اور مصافحہ کا شرف بھی حاصل کیا۔ چنانچہ وہ بہت متاثر ہوئے۔ تاہم وہ چونکہ گاؤں کے امام تھے اس لئے قبول احمدیت کے اعلان میں توقف کئے رکھا۔ مگر عملاً وہ احمدیت قبول کر چکے تھے۔ اور جماعت کی خاموشی سے تبلیغ بھی کرتے رہتے اور لوگوں کو قبول احمدیت کے لئے تیار بھی کرتے رہتے تھے۔ بالآخر سات افراد نے یہ فیصلہ کیا کہ زندگی کا اعتبار نہیں۔ مزید تاخیر مناسب نہیں لہذا حق کو فوراً قبول کر لینا چاہیئے چنانچہ امام صاحب موصوف نے خاکسار کو رقعہ لکھا کہ وہ قبول احمدیت کے اعلان کے لئے تیار ہیں۔ کچھ اور دوست بھی تیار ہیں اور اگر جماعت احمدیہ ان کے گاؤں میں تبلیغی جلسہ کرے تو ہم احمدیت کو علی الاعلان قبول کر لیں گے۔

خاکسار نے ان کی اس دعوت کو قبول کیا اور بعض دوستوں کے ہمراہ ابولے یوسف کے حالات کا جائزہ لینے گیا۔ حالات کو موافق پایا اور ضروری کارروائی کر کے جلسہ کے لئے ۱۸ دسمبر ۱۹۸۱ء بروز جمعۃ المبارک ۵ بجے شام کا وقت مقرر کیا۔

جلسہ کی کارروائی

۱۸ دسمبر ۱۹۸۱ء کو نماز جمعہ کے بعد ساڑھے تین بجے کے قریب الاردو شہر کے احباب جماعت جامع مسجد الاردو میں جمع ہونے شروع ہو گئے۔ ساٹھ ستر فدایان کا یہ قافلہ حمد باری تعالیٰ کے ترانے گاتا ہوا حضرت سرور کونین محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہوا مقررہ گاؤں کی طرف روانہ ہوا۔

یہ قافلہ متعدد ویگنوں، ٹیکسیوں، پرائیویٹ

(باقی صفحہ پر)

عاجزانہ درخواست دعا

(محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب ربوہ)

احباب جماعت کو علم ہے کہ خاکسار بہت عرصہ سے پیچیدہ بیماری میں مبتلا ہے اور انشاء اللہ ۱۹ مئی صبح کراچی سے انگلستان کے لئے بغرض علاج روانہ ہو رہا ہے۔

خاکسار عاجزانہ درخواست کرتا ہے کہ احباب خاکسار کے سفر اور کامل شفایابی کے لئے خاص دعائیں جاری رکھیں۔

محترم مولانا محمد اسماعیل صاحب دیالگڑھی فاضل کچھ دنوں سے بیمار چلے آ رہے ہیں۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد پر محترم ڈاکٹر ولی محمد صاحب سرجن فیصل آباد کو دکھایا گیا جنہوں نے اپریشن کا مشورہ دیا ہے۔ یہ اپریشن انشاء اللہ تعالیٰ ۱۸ مئی کو ہوگا۔ احباب دعا فرمائیں کہ اپریشن کامیاب ہو۔ اپریشن کے بعد میں پیدا ہونے والی پیچیدگیوں سے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے اور آخر دم تک کامل صحت کے ساتھ خدمت دین کی توفیق عطا ہو۔ آمین۔

(منیجر الفضل ربوہ)

(باقی صفحہ پر)

رجسٹرڈ نمبر ایل: ۵۲۵۴ ۔ پبلشر: مسعود احمد، پرنٹر: سید عبدالحی، مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ۔ قیمت: ۵۵ پیسے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خطبہ جمعہ

ذکرِ الٰہی سب سے بڑی اور سب سے زیادہ مؤثر نیکی اور خدا تعالیٰ کی لعنت سے بچانیوالی چیز ہے

ہر لمحہ اور ہر جہت سے نازل ہونے والی نعماء الٰہیہ کا یہ تقاضا ہے کہ ہماری زندگی کا ہر لمحہ ذکرِ الٰہی سے معمور ہو

ہمارے دل میں یہ شدید تڑپ ہونی چاہیئے کہ اسلام سے دور پڑی ہوئی انسانیت بھی اللہ تعالیٰ کے پیار کو حاصل کرے

خدا کرے کہ لوگ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احسانوں کو سمجھیں اور اپنی زندگیوں کو ذکرِ الٰہی سے ہمیشہ معمور رکھیں

از سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

فرمودہ ۳۱ امان ۱۳۵۷ ہش بمطابق ۳۱ مارچ ۱۹۷۸ء بمقام مسجد اقصیٰ ربوہ

تشہد و تعوذ اور سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور نے فرمایا :-

ہمیں یہ بتلایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی سے دل اطمینان پکڑتے ہیں قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

يَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ

خدا تعالیٰ ہدایت کی راہیں اُن لوگوں پر کھولتا ہے جو اُس کی طرف جھکتے ہیں اور اُس سے تعلق قائم کرتے ہیں۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

جو لوگ دل سے ایمان لاتے ہیں اور زبان سے اس کا اقرار کرتے ہیں اور ایمان کے مطابق عمل کر رہے ہوتے ہیں۔

وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ

اور اُن کی ساری کی ساری زندگی ثابت کرتی ہے کہ اُن کے دل خدا تعالےٰ کے ذکر سے مطمئن ہیں۔

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝

اور حقیقت یہی ہے کہ اللہ تعالےٰ کے ذکر ہی سے انسانی قلوب اطمینان اور تسکین

خوشی اور مسرّت کی کیفیت

محسوس کرتے ہیں۔

دنیا میں بہت سے ایسے ممالک ہیں اور لوگوں کے ایسے گروہ ہیں جو دُنیوی لحاظ سے بہت ترقی یافتہ سمجھے جاتے ہیں، لیکن جب ہم اُن کی زندگیوں پر غور کرتے ہیں تو اُن کی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں ہمیں اطمینان کا فقدان نظر آتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ انہیں دُنیا سے بہت کچھ ملا لیکن اُن کو اطمینانِ قلب حاصل نہیں ہوا اور وہ اس کی تلاش میں ہیں۔ اگر انسان سوچے تو یہی بات سمجھ آتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی یاد ہی انسان کو مطمئن کر سکتی ہے اور اس کے دل میں اطمینان پیدا کر سکتی ہے۔ انسان کو اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی سے تسکینِ قلب حاصل ہو سکتی ہے۔

ایک دوسری جگہ انسانی زندگی پر نماز اور نماز باجماعت کے اثرات بیان کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ (العنکبوت : ۴۶)

یہ جو خدا تعالیٰ کا ذکر ہے سب سے بڑی اور سب سے زیادہ مؤثر نیکی ہے۔ خدا تعالیٰ کا ذکر سب سے زیادہ قائل کرنے والی چیز ہے۔ خدا سے دوری کی لعنت سے بچانے والی چیز ہے۔

"ذکر" کے معنے ہیں ہر وقت اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا۔ اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے کا مفہوم یہ ہے کہ ہم پر اللہ تعالیٰ کے جو انعامات نازل ہوتے ہیں ہم ان پر غور کریں۔ ہم اپنی بے کسی کو سامنے رکھیں اور اس کی نعمتوں پر توجہ دیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ نے ہم پر بڑا فضل کیا ہے۔ ہماری زندگی کی کوئی ایک بھی ساعت ایسی نہیں جس میں خدا تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت ہم پر نازل نہ ہو رہی ہو۔ ایک یا دو رحمتوں کا سوال نہیں بلکہ ہر آن

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اور ہر گھڑی

اللہ تعالیٰ کی بے شمار رحمتیں

ہم پر نازل ہو رہی ہیں اور میں یہ جو کہتا ہوں کہ ہر گھڑی اور ہر آن بے شمار رحمتیں نازل ہو رہی ہیں تو اس میں میں کوئی مبالغہ نہیں کر رہا۔ یہ ایک حقیقت ہے جس کی وسعتوں کا ہمارے الفاظ احاطہ نہیں کر سکتے۔ حقیقت اس سے بھی زیادہ ہے جتنی ہم بیان کرتے ہیں یا کر سکتے ہیں۔ مثلاً اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے

سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ (الجاثیہ: ۱۴)

فرمایا اس کائنات کی ہر شے کو انسان کی خدمت پر لگا دیا ہے اور اس میں کوئی استثناء نہیں ہے ہر شے بلا استثناء انسان کی خدمت پر لگی ہوئی ہے دنیا کی ہر چیز کی زندگی کا ہر پہلو خدا تعالیٰ کے حکم کا محتاج ہے۔ مثلاً درختوں میں سے ان درختوں کو لیں جو پت جھڑ کرتے ہیں۔ پت جھڑ کرنے والے درختوں میں سے ان کو لیں جو موسم خزاں میں پت جھڑ کرتے ہیں۔ موسم خزاں میں پت جھڑ کرنے والوں میں سے صرف شیشم کے درخت کو لیں۔ شیشم کے درختوں میں سے صرف ایک شیشم کے درخت کو لیں۔ اس ایک درخت کے اوپر جو پتے ہیں ان کو گننا بھی مشکل ہے اور ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ ہر درخت کے پتے خدا تعالیٰ کے حکم کے بغیر نہ اپنی ٹہنی پر قائم رہ سکتے ہیں نہ اس ٹہنی کو چھوڑ کر گرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ حکم ہر درخت کے ہر پتے پر نازل ہو رہا ہے اور یہ اس لیے نازل ہو رہا ہے کہ وہ درخت نشوونما پا کر انسان کی خدمت کر سکے۔ پس

خدا تعالیٰ کی صفات کے جلوے

تو غیر محدود ہیں۔ خدا تعالیٰ کی ایک ساعت کے جلوے بھی ہماری عقل کے احاطہ سے باہر ہیں۔ خدا تعالیٰ کی صفات کے غیر محدود جلوے کائنات کی ہر چیز پر اس لیے ظاہر ہو رہے ہیں کہ وہ انسان کی خدمت کے لیے تیار ہو سکے۔ ہر چیز کے اندر یہ اہلیت پیدا ہو سکے کہ وہ انسان کی خدمت کرے اور اگر وہ جلوہ انسان پر ظاہر ہو تو یہ انسان کے فائدہ کے لیے ہوتا ہے۔ مثلاً انسانی نوع کی بجائے ایک فرد کو لے لیں۔ میں بھی خدا کا ایک عاجز بندہ ہوں۔ میں اپنے آپ کو لے لیتا ہوں۔ میری زندگی دو حصوں میں بٹی ہوئی ہے جس طرح آپ میں سے ہر ایک کی زندگی دو حصوں میں بٹی ہوئی ہے اسی طرح میری زندگی بھی دو حصوں میں بٹی ہوئی ہے ایک میرا جسم ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے قوانین کے ماتحت ہے اور ایک میری روحانی قوتیں اور استعدادیں ہیں اور وہ "يَهْدِيْ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ" کی رو سے اللہ تعالیٰ کی ہدایت کی محتاج ہیں۔ جب تک ہم اس کی طرف نہ جھکیں ہم ہدایت نہیں پا سکتے۔ میں چونکہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں اس لیے مادی حصے یعنی مادی جسم کو لیتا ہوں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ انسان بھی ایک کائنات ہے اور اس کائنات کے ایک چھوٹے سے حصہ کو لے کر میں اپنی بات آپ کو سمجھانا چاہتا ہوں۔ مثلاً میری انگلی ہے میرا دماغ اس کو حکم دیتا ہے یہ حکم میرے دماغ سے میری انگلی تک اعصاب (NERVES) کے ذریعہ پہنچتا ہے اور یہ کوئی لمبی رسیاں نہیں ہوتیں بلکہ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہوتے ہیں جن کے درمیان فاصلہ ہوتا ہے جس وقت دماغ حکم دیتا ہے اس وقت خدا تعالیٰ کی قدرت کا جلوہ اس طرح ظاہر ہوتا ہے کہ ہر فاصلے کے درمیان

کیمیاوی اجزاء کا ایک پل

بن جاتا ہے۔ جب دو فاصلے آپس میں پل کے ذریعے مل جاتے ہیں تو حکم آگے چلا جاتا ہے۔ پھر آگے چلا جاتا ہے پھر آگے چلا جاتا ہے۔ گویا ایک لمحہ کے ہزارویں حصے میں دماغ کا حکم بڑی تیزی کے ساتھ یہ فاصلے طے کر لیتا ہے۔ گویا ایک لمحہ کے ہزارویں حصے میں کیمیاوی اجزاء پر مشتمل کوئی چیز پیدا ہوتی ہے اور اس طرح دماغ کا حکم انگلی تک پہنچ جاتا ہے سائنسدانوں نے تحقیق کی ہے کہ جس وقت دماغ کا حکم اس پل پر سے گزر جائے تو اگر فوری طور پر خدا تعالیٰ کا دوسرا حکم نازل ہو کر کیمیاوی پل کو وہاں سے ہٹا نہ دے تو اسی وقت انسان کی موت واقع ہو جائے مثلاً ایک مکہ باز ہے (میں تو مکے باز نہیں میں تو پیار کرنے کے لیے پیدا ہوا ہوں) بہر حال مکہ باز باکسنگ کرتا ہے۔ وہ اپنی طرف سے تو اپنے حریف کو زور زور سے مکے مار رہا ہوتا ہے لیکن وہ یہ نہیں سوچتا کہ اس مکے کا حکم دماغ سے چل کر ہاتھ تک ہزار موتوں میں سے گزرا تب جا کر وہ اپنا ایک مکہ لگانے میں کامیاب ہوا۔ پہلے ہم محاورہ کے طور پر یہ کہتے تھے کہ ایک ساعت کا بھی اعتبار نہیں لیکن اب یہ بات سمجھ میں آئی ہے کہ ساعت کے ایک ہزارویں حصے کا بھی اعتبار نہیں ہے۔ خدا تعالیٰ نے جب کسی انسان کی جان لینی ہوتی ہے تو اسے فوج بھیجنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ سائنس کی نئی تحقیق کے مطابق وہ پل کو کہے گا اپنی جگہ پر کھڑا رہ اور پل کے وجود کا قیام انسانی زندگی کا اختتام ثابت ہو گا۔

پس خدا تعالیٰ کے یہ بے شمار احکامات ہیں جن کو

اسلامی اصطلاح میں

ہم حکم بھی کہتے ہیں اور امر بھی کہتے ہیں اور وحی بھی کہتے ہیں۔ یہ احکامات باری تعالیٰ جو بے شمار اور غیر محدود ہیں، اس کائنات کی ہر چیز پر اس لیے نازل ہو رہے ہیں کہ جیسا کہ خدا تعالیٰ کا منشاء ہے، ہر چیز انسان کی خدمت کرے۔ خدا تعالیٰ اپنے احکام کے ذریعہ انسان کی ایسے رنگ میں پرورش کرتا ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کی پیدا کردہ اشیاء سے خدمت لے سکے۔ یہ ایک چھوٹا سا دائرہ ہے جس میں انسان کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہے۔ بعض دفعہ وہ اباء اور استکبار سے کام لیتا ہے اور خدا تعالیٰ سے دور چلا جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ سے اس کی یہ دوری محض روحانی دوری ہے کیونکہ انسانی جسم تو دور جا ہی نہیں سکتا۔ انسان کے اعصاب تو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں پر مشتمل ہوتے ہیں وہ خدا تعالیٰ کو یہ نہیں کہہ سکتے کہ اے خدا تو پل بنایا نہ بنا حکم خود بخود جسم کے مختلف حصوں میں چلا جائے گا یا وہاں سے ان پلوں کو ہٹا یا نہ ہٹا ہم زندہ رہیں گے۔ جسم کا کوئی حصہ یہ نہیں کہہ سکتا۔ خدا تعالیٰ کا حکم تو بہر حال جاری ہے لیکن وہ وحی۔ حکم یا امر اور ہدایت جو روحانی زندگی کی نعمتوں کے حصول کے لیے ہے خدا تعالیٰ کی رضا کی جنتوں کو پانے سے جس کا تعلق ہے اس میں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

انسان کو آزادی دی گئی ہے تاکہ دوسری دنیا کے انعامات کے جو مختلف حصے ہیں وہ اسے زیادہ سے زیادہ مل سکیں۔ دوسری مخلوق مثلاً فرشتوں کے متعلق یہی کہا گیا ہے کہ جو کہا جاتا ہے وہ کرتے ہیں کیونکہ اُن کی بناوٹ ہی ایسی ہے اس لیے انکی کوئی خوبی نہیں اِس لیے ان کے لیے کوئی ثواب نہیں۔ کوئی انعام نہیں۔ کوئی جزاء اور سزا نہیں لیکن انسان کے لیے جزاء سزا ہے مگر ہے ایک چھوٹے سے دائرہ میں جس کا تعلق اس کی روحانیت کیساتھ ہے۔

مَیں احبابِ جماعت کو بتا رہا ہوں کہ

ہماری زندگی کے ہر لمحہ میں

ہر جہت سے خدا تعالیٰ کی بے شمار نعمتیں ہم پر نازل ہو رہی ہیں اس لیے ہماری زندگی کا کوئی ایک لمحہ بھی ایسا نہیں ہونا چاہیئے جو خدا تعالیٰ کی یاد سے خالی ہو یا ذکرِ الٰہی سے معمور نہ ہو۔ کوئی ناسمجھ اپنی جہالت میں جو مرضی کہدے لیکن حقیقت یہی ہے کہ اسلام نے ہمیں بتا دیا ہے اور قرآن کریم نے کھول کر ہم پر واضح کر دیا ہے اس لیے کوئی عقلمند انسان اِس علم کے باوجود یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ انسان کے لیے ایک لمحہ بھی خدا تعالیٰ کے ذکر سے خالی رہنے کا کوئی جواز ہے۔ قطعاً کوئی جواز نہیں۔ بلکہ انسان یہ محسوس کرتا ہے کہ اس کی زندگی کا ہر لمحہ خدا تعالیٰ کی یاد میں گزرنے کے باوجود وہ اللہ تعالیٰ کی نعماء کا بدلہ اور شکر ادا نہیں کر سکتا۔ کیونکہ وہ اپنی محدود طاقتوں کے ساتھ غیر محدود نعمتوں کا شکر کیسے ادا کر سکتا ہے۔ یہ تو اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ اُس نے کہا جتنی تمہیں طاقت دی ہے اس سے زیادہ تم پر بوجھ نہیں ڈالوں گا، لیکن اس نے یہ ضرور کہا کہ جتنی طاقت دی ہے اتنا بوجھ برداشت کر لینا تاکہ میری رضا کی جنتوں میں داخل ہو سکو۔

پس ہم پر دو ذمہ داریاں ہیں۔ ہم سے مراد

افرادِ جماعت احمدیہ

ہیں جن کو مَیں نصیحت کرنے کا حق رکھتا ہوں اور مجاز ہوں۔ ایک ذمہ داری یہ ہے کہ ہماری زندگی کا کوئی لمحہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے خالی نہ ہو دوسری ذمہ داری یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کے ذکر سے اپنی زندگی کا ہر لمحہ معمور رکھنے اور خدا تعالیٰ کے پیار کو حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ ہمارے دل میں یہ شدید تڑپ ہونی چاہیئے کہ انسانیت جو اسلام سے دُور پڑی ہوئی ہے وہ بھی اللہ تعالیٰ کے پیار کو حاصل کرے اور جیسا کہ خدا تعالیٰ نے اعلان فرمایا ہے خدا تعالیٰ کی ہدایت وہی پائے گا جو اُس کی طرف جُھکے گا اس لیے یہ دُعا ہونی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ ان کو توفیق عطا کرے وہ بھی انابتِ الی اللہ کی توفیق پائیں اور اس کے بدلے میں خدا تعالیٰ اُن کی ہدایت کے سامان پیدا کرے۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانیت پر عظیم احسان کئے ہیں۔ آپؐ نے انسان کو خدا سے ملا دیا۔ خدا کرے بنی نوع انسان آپؐ کے ان احسانوں کو سمجھیں اور آپؐ پر درود بھیجنے لگیں اور لوگ اپنی زندگیوں کو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے ہمیشہ معمور رکھیں۔

مجلسِ مشاورت کے ان دو چار دنوں میں ہمارے یہاں جس قسم کی مصروفیت رہے گی اس میں اپنے اوقات کو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے خاص طور پر معمور رکھیں اور

دُعائیں کریں

کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہماری ہر سوچ اور فکر کو راہِ راست دکھائے ہمارے لیے نور سے معمور ماحول پیدا کرے اور ہدایت کے سامان عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے فیصلوں میں برکت ڈالے اور رحمتوں سے نوازے۔ آمین ؂

(الفضل ۱۱ر جون ۱۹۷۸ء)

احباب جماعت کے لئے رُوحانی پروگرام

صد سالہ احمدیہ جوبلی کے عالمی روحانی منصوبے کی کامیابی کے لئے حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے احباب جماعت کے لئے دعاؤں اور عبادات کا ایک خاص پروگرام تجویز فرما رکھا ہے جو درجِ ذیل ہے۔

۱۔ جماعت کے قیام پر ایک صدی مکمل ہونے تک ہر ماہ احباب جماعت ایک نفلی روزہ رکھا کریں جس کے لئے ہر قصبہ، شہر یا محلہ میں مہینہ کے آخری ہفتہ میں کوئی ایک دن مقامی طور پر مقرر کر لیا جایا کرے۔

۲۔ دو نفل روزانہ ادا کئے جائیں جو نماز عشاء کے بعد سے لے کر نماز فجر سے پہلے تک یا نماز ظہر کے بعد ادا کئے جائیں۔

۳۔ کم از کم سات بار روزانہ سورۃ فاتحہ کی دُعا غور و تدبّر کے ساتھ پڑھی جائے۔

۴۔ درود شریف اور تسبیح و تحمید (سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ) نیز استغفار کا ورد روزانہ ۳۳۔ ۳۳ بار کیا جائے۔

۵۔ مندرجہ ذیل دعائیں روزانہ کم از کم گیارہ بار پڑھی جائیں۔

۱۔ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۝

۲۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَ نَعُوْذُ بِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

۶۔ ان کے علاوہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنی زبان میں بھی بکثرت دعائیں کرنے کی تاکید فرمائی تاکہ اللہ تعالیٰ ہماری حقیر قربانیوں کو قبول فرمائے اور صد سالہ احمدیہ جوبلی کے عظیم منصوبے کو ہر لحاظ سے کامیاب کرے اور ہم شاہراہِ غلبۂ اسلام پر آگے ہی آگے بڑھتے چلے جائیں۔

احبابِ جماعت سے درخواست ہے کہ وہ اس پروگرام کے مطابق خود بھی اپنا عمل جاری رکھیں اور دوسروں کو بھی وقتاً فوقتاً تحریک کرتے رہیں۔

(ناظر اصلاح وارشاد۔ ربوہ)

زمیندار اصحاب! فصلِ ربیع برداشت ہو رہی ہے۔ لازمی چندہ جات کی ادائیگی کی طرف فوری توجہ فرمائیں جزاکم اللہ احسن الجزاء

ناظر بیت المال آمد ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

(بقیہ الاردو)

کاروں اور موٹر سائیکلوں پر مشتمل تھا۔ ایک دوست وہ وقت یاد کرکے آبدیدہ ہو گئے جب محترم مولانا خلیل صاحب پہلی مرتبہ اس گاؤں میں سائیکل پر تشریف لائے تھے اور آج کاروں کے ذریعہ یہ قافلہ بڑی شان و شوکت کے ساتھ جا رہا ہے۔ اور یہ دراصل انہی کی قربانیوں اور دعاؤں کا نتیجہ ہے۔ جونہی قافلہ گاؤں میں داخل ہوا مقامی دوستوں نے ہمارا پرتپاک استقبال کیا۔ گاؤں کے وسط میں برگد کے ایک درخت کے نیچے دوستوں نے کرسیاں بچھا کر جلسہ گاہ پہلے ہی تیار کر رکھا تھا۔ ہمارے خدام نے فوری طور پر جنریٹر چلایا۔ لائٹیں اور لاؤڈ سپیکر لگائے اور ٹھیک ۵ بجے شام جلسہ کی کارروائی تلاوت قرآن پاک سے شروع ہوئی جو الاردو مشن کے سیکرٹری تبلیغ مکرم الحاج عبدالرحیم سلامی نے کی جن کے بعد مشنری طلباء نے قصیدہ پڑھا جن کے بعد مکرم الفا ایم۔ اے سلمان صاحب نے تقریر کی جس میں آپ نے سیدنا حضرت اقدس کی صداقت پر چند دلائل دیئے۔ آپ کی یہ تقریر بڑے غور سے سنی گئی۔

مکرم الفا سلمان صاحب کی تقریر کے بعد خاکسار نے نصف گھنٹہ تقریر کی اور دوستوں کو قبول احمدیت کی دعوت دی۔

خاکسار کی تقریر کے بعد دوستوں کو عام سوالات کی اجازت دی گئی یہ پروگرام بفضلہ تعالیٰ ہمیشہ ہی بہت کامیاب رہتا ہے۔ دوست سوالات کرتے ہیں اور ہمیں ان کے شکوک و شبہات کے ازالہ کا موقعہ ملتا ہے۔ چنانچہ یہ دلچسپ پروگرام ایک گھنٹہ تک جاری رہا۔

چودہ ۱۴ افراد کا قبول حق کا اعلان:۔

ابھی یہ پروگرام جاری ہی تھا کہ امام صاحب موصوف سٹیج پر تشریف لائے اور پبلک سے یوں مخاطب ہوئے کہ آپ جو چاہیں سوچیں اور جب چاہیں بیعت کریں۔ میں نے ضرورت سے زیادہ تاخیر کر دی ہے۔ لہٰذا میں قبول احمدیت کا اعلان کرتا ہوں۔

اس اعلان کے ساتھ ہی متعدد دوست سٹیج پر آئے اور احمدیت کے قبول کرنے کا اعلان کیا اس موقعہ پر بیعت کرنے والے دوستوں کی تعداد بفضلہ تعالیٰ چودہ ہو گئی۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔

دوستوں نے نو مبائعین سے مصافحہ و معانقہ کیا اور مبارکباد پیش کی۔ خاکسار نے نو مبائعین کو سیدنا حضرت اقدس کے مبارک الفاظ میں چند نصائح کیں اور ان کو دوسروں کے لئے نمونہ بننے کی تلقین کی۔

اس طرح ہمارا یہ تبلیغی قافلہ حمد باری تعالیٰ کرتا ہوا کامیابی کے ساتھ ۱۱½ بجے شب کے قریب واپس الاردو پہنچا۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ

الاردو کی جماعت نے ان نو مبائعین کی تربیت کے لئے یہ پروگرام بنایا ہے کہ الاردو سے ہر روز ۵ بجے سے ۷ بجے تک دو خدام ان کے درمیان رہ کر انہیں دین سکھائیں گے الحمد للہ کہ یہ پروگرام باقاعدگی سے جاری ہے۔

اخبار احمدیہ

• مربی سلسلہ مکرم عطاء الکریم صاحب شاہد (ابن محترم مولانا ابوالعطاء صاحب مرحوم) کی اہلیہ محترمہ امۃ الباسط شاہد صاحبہ کا عنقریب ایک میجر آپریشن فیصل آباد میں ہو رہا ہے۔

احباب جماعت درد و الحاح سے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اپریشن کامیاب ہو اور مولیٰ کریم ہر قسم کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھتے ہوئے انہیں اپنے فضل سے کامل و عاجل صحت اور عمر دراز عطا فرمائے۔ آمین

• خالسار کے خسر صاحب مکرم چوہدری عبدالعزیز صاحب کھوکھر بعارضہ بخار کھانسی اور خوشدامن مکرمہ حمیدہ بیگم صاحبہ گزشتہ ایک ہفتہ سے پیشاب کی تکلیف اور کمزوری اعصاب کے باعث بیمار ہیں۔ احباب جماعت کی خدمت میں ہر دو کی کامل شفایابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

(نصر اللہ خاں ناصر ایم۔ اے شاہد
مربی سلسلہ احمدیہ سیالکوٹ)

سترہویں ۱۷ فضل عمر درس القرآن کلاس

۲۸ جولائی تا ۱۱ اگست ربوہ میں منعقد ہوگی

حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی منظوری سے اعلان کیا جاتا ہے کہ سترہویں ۱۷ فضل عمر درس القرآن کلاس امسال ماہ رمضان کے بعد ۲۸ جولائی تا ۱۱ اگست ۱۹۸۲ء مرکز سلسلہ ربوہ میں منعقد ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

جملہ امراء کرام، صدر صاحبان و مربیان سلسلہ سے درخواست ہے کہ وہ اپنے اپنے حلقہ میں زیادہ سے زیادہ احباب و خواتین (طلباء و طالبات) کو درس القرآن کی اس نہایت اہم اور مفید کلاس میں شمولیت کی پرزور تحریک فرمائیں۔ اور کوشش کریں کہ ہر جماعت کی طرف سے بھرپور نمائندگی ہو۔

و باللہ التوفیق

(ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد تعلیم القرآن)

یہی وقت خدمت گذاری کا ہے

سیدنا (حضرت اقدس ..... ناقل) فرماتے ہیں:۔

"جو شخص ایسی ضروری مہمات میں مال خرچ کرے گا۔ میں امید نہیں رکھتا کہ اس مال کے خرچ سے اس کے مال میں کچھ کمی آ جائے گی۔ بلکہ اس کے مال میں برکت ہوگی۔ پس چاہیئے کہ خدا پر توکل کرکے پورے اخلاص اور جوش اور ہمت سے کام میں۔ کہ یہی وقت خدمت گذاری کا ہے۔ پھر بعد میں وہ وقت آتا ہے کہ سونے کا پہاڑ بھی اس راہ میں خرچ کریں تو اس وقت کے پیسے کے برابر نہیں ہوگا۔" (اشتہار تبلیغ رسالت جلد دہم)

(ناظر بیت المال آمد)

آہ محترم ڈاکٹر ثناء اللہ صاحب انصاری مرحوم

مکرمہ زینت ابوبکر لکھنوی ـــــ کراچی

محترم ڈاکٹر ثناء اللہ صاحب انصاری میرے بہنوئی اور محترم سیٹھ خیر الدین صاحب مرحوم مغفور کے داماد تھے اور محترم حاجی بقاء اللہ صاحب مرحوم بھوپالوی کے بیٹے تھے۔ آپ نہایت نیک مخلص، سلیم الطبع بردبار کم سخن تھے۔ آپ میں تحمل مزاجی حد درجہ تھی مرحوم نہایت منکسر المزاج اور اعلیٰ اخلاق کے حامل تھے۔ جوانی میں خود کوشش کرکے ناسا عد حالات میں میڈیکل کی تعلیم حاصل کی۔ کیونکہ انکا اثاثہ اور جائیداد وغیرہ پاکستان بننے کے بعد ہندوستان میں رہ گیا تھا۔ اقرباء پروری کا بے پناہ جذبہ تھا۔ اپنے والدین بہن بھائیوں اور دیگر اقرباء کو خوشحالی کے درجہ تک پہنچایا۔ ہر ضرورت مند کی حاجت روائی کرنے اور لوگوں کی مدد و اعانت میں ذوق و شوق سے حصہ لیتے تھے۔ نفوس عبادت پاکیزگی میں بہت سبقت لے گئے تھے۔ ڈاکٹر صاحب مرحوم کی زندگی بڑی مصروفیت کی زندگی تھی۔ اپنے کلینک سے فراغت پانے کے بعد بارہ ایک بجے رات کو اپنی ضعیف والدہ اور بیوہ بہن کے پاس جا کر ان کی ضروریات کا جائزہ لیتے تھے۔ اور پھر رات کے باقی حصہ میں عبادات بجا لاتے تھے۔ غرباء کا علاج مفت کرتے تھے۔ سلسلہ احمدیہ کے سچے عاشق اور خادم تھے۔ قرآن کریم کی تلاوت اور سلسلہ کی کتب کا مطالعہ باقاعدہ کرتے تھے۔ چندوں اور دینی تحریکات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ نہایت سادگی پسند صابر و شاکر طبیعت کے مالک تھے۔ عوام کے ساتھ حسن و احسان کا معاملہ کیا کرتے تھے۔

افسوس مورخہ ۲۱ جولائی ۱۹۸۱ء کو صبح نماز فجر ادا کرنے کے بعد دل کے دورہ سے وفات ہو گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی وفات کی خبر سنتے ہی اقرباء عزیز دوست احباب جوق در جوق آنا شروع ہوئے۔

کثیر مقدار میں کئی روز تک لوگ مرحوم کی کوٹھی میں افسوس کے لئے آتے رہے۔ مرحوم کی وصیت کے مطابق ان کی میت کو ربوہ لے جایا گیا۔ مرحوم نے دو بیٹے تین بیٹیاں اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ بزرگان دین اور جماعت کے احباب سے گزارش ہے کہ مرحوم کی بیگم اور ان کی اولاد کے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کا حامی و ناصر ہو۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو بلند درجات عطا کرے۔ آمین۔

دعائے مغفرت

مورخہ ۸ مئی کی شب جب عزیزم سراج الحق ابن برادرم چوہدری محمد ضیاء الحق واشنگٹن (امریکہ) کے ایک ہوٹل میں ڈیوٹی پر تھا۔ بعض نامعلوم افراد نے اسے گولی مار کر سفاکانہ طور پر قتل کر دیا۔ عزیزم مرحوم کے والدین اس سانحہ سے صرف دو روز قبل پاکستان سے پھر امریکہ پہنچے تھے۔ بزرگان سلسلہ اور احباب جماعت کی خدمت میں درخواست ہے کہ عزیزم مرحوم کی مغفرت اور اس کے سوگوار والدین۔ بھائی اور چاروں بہنوں کے لیے صبر جمیل کی دعا فرمائیں۔ یہ تمام عزیزان امریکہ میں ہی مقیم ہیں۔ مرحوم تقریباً سولہ سال کا نوخیز لڑکا تھا۔ امریکہ جانے سے قبل لاہور میں بھی وہ جماعتی کاموں میں دلچسپی اور جوش سے حصہ لیتا تھا۔ امریکہ اور پاکستان میں مقیم اس کے تمام عزیزوں کے لیے اس کی وفات بہت بڑا صدمہ ہے۔

(عزیز احمد (ریٹائرڈ) ناظر بیت المال صدر انجمن احمدیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اپنے بچوں کو قرآن کریم پڑھانے والے والدین کے درجات

حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:-

"جو ماں باپ اپنے بچوں کی جسمانی صحت اور ان کی روحانی تربیت کا خیال رکھتے ہوئے ان کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ جنت کے مستحق ٹھہرتے ہیں اور اگر ایک کھجور اپنے بچے کو اس رنگ میں اور اس ذہنیت کے ساتھ دینے کے نتیجہ میں جنت ملتی ہے تو جو ماں باپ اپنے بچوں کو قرآن کریم پڑھانے کی کوشش کرتے ہیں تا وہ اسلام کے رنگ میں رنگے جائیں۔ قرآن کریم کے احکام پر عمل کرنے والے بنیں اور دنیا کے سامنے بہترین نمونہ پیش کرنے والے بنیں وہ کس قدر بلند درجات کے مستحق ہیں۔"

(الفضل ۱۴ نومبر ۱۹۶۷ء صـ۳ ، الفضل ۱۳ نومبر ۷۵ء)

(ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد (تعلیم القرآن) ربوہ)

ایصالِ ثواب

محترمہ بیگم قمر عطاء اللہ اہلیہ کرنل محمد عطاء اللہ صاحب مرحوم گلبرگ لاہور اپنے ماموں جناب رحمت اللہ صاحب بٹ مرحوم کو ایصالِ ثواب کی خاطر مبلغ -/۲۵۰ روپے مساجد فنڈ میں بھجواتے ہوئے ملتجی ہیں کہ احباب کرام ان کے ماموں مرحوم کی بلندی درجات کے لئے دردِ دل سے دعا فرمادیں۔ مکرم بٹ صاحب ۱۲ اپریل ۸۲ء کو بقضائے الٰہی وفات پاگئے تھے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

(وکیل المال اوّل تحریک جدید)

چندہ اجتماع — لجنہ اماء اللہ

دوسری سہ ماہی (اکتوبر ۱۹۸۱ء تا مارچ ۱۹۸۲ء) کے جائزے سے معلوم ہوتا ہے کہ چندہ اجتماع لجنہ و ناصرات میں بجٹ کے مطابق بہت زیادہ کمی ہے۔ تمام ایسی لجنات جنہوں نے ابھی تک چندہ ہذا ادا نہیں کیا براہِ کرم وہ اپنی اپنی ممبرات کو ڈیڑھ روپیہ فی ممبر کے حساب سے چندہ دینے کی طرف توجہ دلائیں اور اپنا چندہ جلد از جلد مرکز بھجوانے کی کوشش کریں تاکہ ہم اپنا بجٹ پورا کر سکیں۔ شکریہ

(سیکرٹری مالی لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

نمایاں کامیابی

یہ امر احباب جماعت کے لئے خوشی کا باعث ہوگا کہ عزیزہ امۃ الجمیل بنت ملک عنایت اللہ جہلم نے گورنمنٹ کالج برائے خواتین جہلم کے جلسہ تقسیم انعامات میں اکیس انعامات حاصل کئے ہیں جن میں سے زیادہ تر انعاموں کا تعلق پنجاب کے مختلف کالجوں میں منعقد ہونے والے اسلامی مذاکروں سے ہے۔ اس کے علاوہ عزیزہ نے سالِ رواں کی "بہترین مقررہ" کا اعزاز بھی حاصل کیا۔ قبل ازیں عزیزہ کی بڑی بہن امۃ الباسط ملک نے پچیس انعامات حاصل کئے تھے جن میں سے زیادہ کا تعلق اسلامی مذاکرے اور سیرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تھا۔ فالحمد للہ علیٰ ذٰلک۔

قارئین دعا فرمائیں کہ خداوند تعالیٰ ہر دو بچیوں کو ہر جہت سے کامیاب کرے۔

(سیدہ مبارکہ بخاری صدر لجنہ اماء اللہ جہلم)

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔ (مینیجر الفضل)

فون ملز: ۲۷۹۴۶ فون آفس: ۲۲۴۸۳
سفینہ انڈسٹریز لمیٹڈ
مقبول روڈ - فیصل آباد
امپورٹر — ایکسپورٹر
لون - وائل - پردہ کلاتھ - پالیسٹر
جاذبِ نظر - دیدہ زیب - ہر گھر کی پسند
— افس —
ممدر گلی - ریل بازار - فیصل آباد

جسم و جان
بنانے ہڈیوں کے ڈھانچہ جسموں پر گوشت پوست پیدا کرنے پوری غذا جزو بدن بنانے، گالوں کا پچکا پن دور کرنے، دل و دماغ پھیپھڑے جگر گردہ مثانہ و معدہ و انتڑیاں اور بلبلہ کی اصلاح کرنے بچوں کو طاقتور بنانے بھوک بڑھانے، بکثرت خون پیدا کرنے اور ہر قسم کی کمزوری دور کرنے کیلئے "پیور الفلفا ٹانک کورس" ٹکیاں اور پینے کی دوا بے حد مفید ہے۔
قیمت -/۲۰ ڈاک سے -/۲۴
شاہ ہومیوپیتھک سٹور رحمت بازار۔ ربوہ

جدید فیشن کے مطابق
سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات وغیرہ کیلئے
نیو پاک جیولرز
۱۱۱ - فیروزپور روڈ
نزد گلیکسی سینما اچھرہ — لاہور
فون ۴۱-۹۷۴ ، ۴۱۸۴۴۶ رہائش ۴۱۸۴۴۵
پروپرائیٹر میاں عظیم قادر اینڈ سنز

ریجسٹرڈ
HERCULES
مضبوطی میں بے مثال
کارکردگی میں لاجواب
شوبنہ مارکہ
ہرکولیس
امپورٹڈ میٹریل سے تیار شدہ
HERCULES
ہر قسم کی گاڑیوں کے سپرنگ پاپٹ سپرنگ بکس اور پٹہ کمانی سپیشلسٹ
میاں بھائی
۱۰ منٹگمری روڈ، لاہور۔ فون نمبر: ۳۰۵۴۰۴ ، ۳۰۵۳۹۶

نرینہ اولاد سے محروم بے اولاد دکھی عورتوں کیلئے
چراغِ دین و احمد علاج چکا
حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان
۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام
ھو الشافی
دکھی مخلوق کی خدمت میں مصروف
دواخانہ حکیم نظام جان
چوک گھنٹہ گھر، گوجرانوالہ
فون نمبر: ۷۳۹۹۷ پوسٹ بکس نمبر: ۲۲۲
ایجنسیاں
★ شاد عالم مارکیٹ ۲۶ بی فیڈ لاہور
★ محبوب یونانی دواخانہ مین بازار کبیر والا
★ جلیل دواخانہ مین بازار شیخوپورہ
★ دواخانہ حکیم نظام جان ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مطب ناصر دواخانہ گولبازار ربوہ

اٹھرا، بواسیر، ذیابیطس، دمہ، پرانی خارش و چنبل، تبخیر معدہ
مردانہ و زنانہ خاص امراض کا بفضلہ کامیاب علاج:

جدید فیشن کے مطابق
سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات
اور چائنا کے خوشنما برتن ٹی سیٹ وغیرہ کے لئے
فرحت علی جیولرز
کمرشل بلڈنگ شاہراہ قائداعظم لاہور
فون نمبر ۵۲۶۲۳

جینک سے نجات
سرمہ طفیل
قیمت ۱۱/ روپے
موتیا کا بغیر اپریشن علاج۔ دھند۔ جالا۔ ککرے آنکھوں سے پانی بہنا۔ نظر کی کمزوری۔ آنکھوں کی ہر بیماری کے لئے بے حد مفید۔
حکیم محمد طفیل رجسٹرڈ سابق صدر طبیہ کمیٹی جوہی حال کوئٹہ کلاتھ گولبازار۔ ربوہ۔ ضلع جھنگ
رجسٹرڈ نمبر ۱۴۵۹۷-ھ

ربوہ میں
جائیداد کی خرید و فروخت
کا با اعتماد ادارہ
مومن اسٹیٹس پراپرٹی ڈیلر
چوک مسجد مہدی گولبازار ربوہ۔ فون ۵۱۷/۵۷۱

اطلاع
زرعی زمینوں پلاٹوں اور مکانات کی خرید و فروخت کیلئے آپ سب کا محبوب معاون ادارہ اپنی روایتی دیانت و امانت کیساتھ سب سے پہلی جگہ پر آپکی خدمت کے لئے رواں دواں
انیس اسٹیٹس پراپرٹی ڈیلر
دفتر فون نمبر ۶۵۸
(نصرت آرٹ پریس گولبازار کے ساتھ گلی کے اندر)

بواسیر وغیرہ کی ادویات
PILES CURE — بواسیر خونی و بادی
Hemorrhoids Cure — خنزیری، سخت مسے
Hemorrhage Cure — بہت زیادہ خون نکلے
Fissure Cure — چیر اور کٹاؤ
PROLAPSUS CURE — کانچ نکلنا
ANUS ITCH CURE — مقامی خارش
FISTULA CURE — ناسور، بھگندر
CONSTIPATION CURE — دائمی قبض
FLATULENCE CURE — گیس، ہوا، ریاح
ایک سے زیادہ کیورز اکٹھی بھی استعمال ہو سکتی ہیں کیپسولوں سے ہر قسم کی کیورز۔ پائلز انجکشنز۔ ہر جگہ ڈاک سے۔ ہر جا زائد۔ لٹریچر فری۔
ضمانت بعد۔ کیو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ ربوہ پاکستان

اللہ تعالیٰ کے فضل سے
مسجد اقصیٰ کے چوک میں
دواخانہ حکیم نظام جان
بہت جلد کام شروع کر رہا ہے
حکیم انوار احمد جان گوجرانوالہ
پوسٹ بکس نمبر 222

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کے لئے اپنے معروف ادارہ:
گلوب ٹمبر کارپوریشن
ہیڈ آفس: ۲۶ نیو ٹمبر مارکیٹ، راوی روڈ لاہور
فیکٹری:
گلوب انجینئرنگ کارپوریشن
(گورنمنٹ کنٹریکٹر)
رچنا ٹاؤن جی ٹی روڈ فیروزوالا لاہور
پر تشریف لائیں: فون: دفتر: ۶۸۱۲۶ ، گھر: ۶۲۹۳۰
فیکٹری: ۷۱۰۳۵۳
احباب لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کیلئے ہم سے رابطہ پیدا کریں!

ضرورت ملازمہ
میری بیٹی عزیزہ راشدہ سعید صاحبہ بیگم ڈاکٹر سعید احمد صاحب مقیم امریکہ کے لئے برائے قیام امریکہ ایک پڑھی لکھی ادھیڑ عمر کی صحت مند بیوہ یا فارغ البال مخلص احمدی خادمہ کی ضرورت ہے۔ جو گھر کے جملہ امور سنبھالنے کے علاوہ بچوں کو اردو اور دینی تعلیم بھی دے سکے۔
امریکہ آنے جانے کا کرایہ اور مناسب تنخواہ دی جاوے گی۔
ڈاکٹر عبدالغفور خان کڑک
۱۳۔ خالد کڑک روڈ۔ لاہور چھاؤنی

شالوں کی مشہور دکان
الفردوس شال ہاؤس
۸۵۔ انارکلی لاہور
الفردوس شال ہاؤس
لاہور فون ۳۲۴۴۴۸

آپ کو معلوم ہو کہ
ہمارے دواخانہ
میسرز حکیم نظام جان اینڈ سنز
کا نام اب
مشہور دواخانہ رجسٹرڈ
زیر نگرانی: حکیم عبدالحمید جانشین و فرزند حضرت حکیم نظام جان
ہو چکا ہے

خدمت کی راہوں پر رواں دواں: دیرینہ خادم
مشہور دواخانہ رجسٹرڈ
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ، فون: ۷۴۸۴۴
بالمقابل ایوان محمود، ربوہ، فون: ۶۳۸
۷۱۔ سویٹ ہوم لینڈ ماڈل کالونی کراچی ۲۷ ، قلعہ کالر ضلع سیالکوٹ

• رہائشی پلاٹس
• مکانات ۔ اور
• زرعی اراضی
کی خرید و فروخت کیلئے
آپکی مخلصانہ خدمت کیلئے
چشم براہ
صدیق
اسٹیٹ ایجنسی
اقصیٰ چوک ۔ ربوہ
چوہدری محمد صدیق
فون دفتر ۵۴۰۶۴۰ فون رہائش ۵۴۰

کراچی میں جائیداد کی خرید و فروخت
درج ذیل پتہ پر رابطہ قائم کیجیے
لینڈ مارکس
فون ۵۴۰۸۳۴ ۵۴۰۸۶۶
پوسٹ بکس نمبر ۱۰۴۲۶ کراچی نمبر ۴

جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے
احمرا اسٹیٹس
فون ۳۸۵۲
۶۹۹/۸ سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا

کئی سال سے آپکی
بے لوث خدمت
کرنیوالا واحد ادارہ
احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ
سکنی و زرعی اراضی، مکانات و پلاٹس وغیرہ
کی خرید و فروخت کیلئے آپ کی خدمت کا متمنی
احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ
انس مارکیٹ ربوہ
فون نمبر ۵۳۵

احمد موٹر آٹو موبائل انجینئرز رجسٹرڈ
فون ۴۰۴۴۵
جرمن اور جاپانی گاڑیوں کی مرمت کا خصوصاً اعلیٰ انتظام ۔ گاڑیوں کی اطمینان بخش اور ہالنگ، ڈنٹنگ، پینٹنگ الیکٹرک، ویل بیلنسنگ، ویل الائنمنٹ کیلئے رجوع فرماویں
عنایت بازار اوجڑی کیمپ مری روڈ راولپنڈی

Digitized by Khilafat Library Rabwah



نوٹ:۔ سابقہ شائع شدہ نقشہ میں ایک سہو ہو گئی تھی جسکی درستی کے بعد اب یہ صحیح نقشہ شائع کیا جا رہا ہے۔